نرسنگ کالج جنرل ہسپتال میں انسٹرکٹرز کے عہدے پر ترقی و تعیناتی پر تقریب

سینئر نرسز کو استاد کا درجہ ملنا اعزاز سے کم نہیں ، وہ طالبات کی صلاحیتوں کو نکھاریں: پرنسپل حمیدہ سرور

نرس طالبہ کیلئے گجیٹس و کمپیوٹر کا استعمال تعلیمی سرگرمیوں کا لازمی حصہ بنایا جائے :رقیہ بانو

نرسز کا اپنی محنت قابلیت و ٹیلنٹ کی بنیاد پر گریڈ 20 میں پہنچنا حوصلہ افزا ہے: اظہرہ پروین ، شہناز ڈار

لاہور 12 دسمبر:......پرنسپل نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال حمیدہ سرور نے کہا کہ نرسنگ کی پیشہ وارانہ تربیت میں ان کی انسٹرکٹرز کا بہت کلیدی کردار ہوتا ہے اور وہ نئی آنے والی نرسز کو اپنے طویل تجربہ اور زمینی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیم و تربیت سے آراستہ کرتی ہیں جو انہیں عملی زندگی میں کامیابی کی بنیاد فراہم کرتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سینئر نرسز کو اساتذہ کا درجہ ملنا کسی اعزاز سے کم نہیں جس سے بلاشبہ اُن کی کارکردگی میں بھی اضافہ ہوگا۔وہ نرسنگ انسٹرکٹرز کے عہدہ پر ترقی پانے والی نرسز کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہی تھیں جس میں سابق نرسنگ سپرنٹینڈنٹ رقیہ بانو، کالج کی فیکلٹی ممبران، اظہرہ پروین، شہناز ڈار، نسرین نذیر، کوثر پروین، کلینیکل حمیدہ سرور، زبیدہ بانو، راحت افزا، اظہرہ سلطانہ، صابرہ سعید، رمضانہ بی بی، اظہرہ یعقوب اور نسرین نے شرکت کی۔

اس موقع پر رقیہ بانو نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ شروع سے ہی نرسنگ طالبات کو گجیٹس Gadgets کا استعمال سکھانا چاہیئے اور ہر طالبہ کیلئے کمپیوٹر کی تربیت بھی ان کی تعلیمی سرگرمیوں کا لازمی حصہ بنایا جائے تا کہ وہ ترقی یافتہ ممالک میں آئے دن صحت کے شعبے میں ہونے والی نئی جدت سے اپنے آپ کو آگاہ رکھ سکیں اور اپنی علمی استعداد اپ ڈیٹ رکھیں جو ان کی پیشہ وارانہ سروسز کے معیار کیلئے ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ خوشی کی بات ہے کہ آج نرسز کے شعبے کو پہلے سے کہیں زیادہ احترام و اہمیت حاصل ہے، ماضی میں نظر انداز رہنے والا یہ پروفیشن اب ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور اس شعبہ سے منسلک خواتین کو اعلیٰ تعلیمی سہولیات کے ساتھ ساتھ سرکاری شعبہ میں تنخواہ کا پرکشش پیکج، مراعات و گریڈ بھی بہت بہتر دیئے جا رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اب نرسز اپنی محنت، قابلیت اور ٹیلنٹ کی بنیاد پر گریڈ 20 میں پہنچ رہی ہیں جو کسی بھی سرکاری ملازم کیلئے بہت عزت کا مقام ہوتا ہے۔اظہرہ پروین اور شہناز ڈار نے نئی انسٹرکٹرز سے کہا کہ وہ اپنی طالبات کو انتہائی پیشہ وارانہ لگن، محنت کے ساتھ زیور تعلیم سے آراستہ کریں تا کہ یہ نو جوان نرسز نا صرف دکھی انسانیت کی خدمت انسانی جذبہ کے ساتھ سرانجام دیں بلکہ انہیں بھی ملازمت کے دوران ترقی کے بہتر مواقع حاصل ہو سکیں۔تقریب کے اختتام پر ترقی پانے والی سینئر نرسز کو گلدستے پیش کیے گئے اور ان کی کامیابی و مزید ترقی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

پرنسپل نرسنگ کالج لاہور جنرل ہسپتال حمیدہ سرور و فیکلٹی ممبران کا نرسنگ انسٹرکٹرز کے عہدہ پر ترقی پانے والی سینئر نرسز کے ساتھ گروپ فوٹو